© rasailojaraid.com



ڈاکٹر صابر آفاقی

# کشمیر کے فارسی مورخین

سرزمین کشمیر میں تاریخ نویسی کی روایت بہت پرانی ہے۔ ہندوؤں کے عہد میں اس خطہ کی مذہبی اور سرکاری زبان سنسکرت تھی۔ چنانچہ آج بھی تاریخ کی چند کتابیں ملتی ہیں جو کشمیری پنڈتوں نے سنسکرت نظم و نثر میں تالیف کی تھیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ برعظیم پاکستان و ہند میں تاریخ نویسی کو ایک فن و علم کی حیثیت سے متعارف کرانے والے مسلمان ہیں۔ اور انہی کے نقش قدم پر چل کر ہندوؤں نے تاریخ لکھنا سیکھا۔ ورنہ آج سے ساٹھ سال پہلے تک بھی ہندو اہل قلم اس فن سے نا آشنا تھے۔

کشمیر کی تاریخ جاننے والے خوب جانتے ہیں کہ اسلام اور فارسی زبان آٹھویں صدی ہجری کے اوائل میں یہاں پہنچی اور بہت جلد فارسی سرکاری زبان بن گئی[1]۔ مسلمانوں کی حکومت شروع ہوتے ہی کشمیر کے علما اور مبلغین کے دل میں اس علاقہ کی تاریخ لکھنے کا خیال پیدا ہوا اور انھوں نے چند عمدہ تاریخی کتابیں فارسی میں تحریر کیں جو دست برد زمانہ سے محفوظ نہ رہ سکیں۔ اس سلسلے میں ملا احمد کی "وقائع کشمیر"، ملا نادری کی "تاریخ کشمیر"، قاضی حمید کی "تاریخ کشمیر" اور ملا حسین قاری کی "تاریخ کشمیر" کا نام لیا جا سکتا ہے۔ بقول حسن ان کا اسم معلوم اور جسم معدوم ہے۔ مسلمانوں اور سکھوں کے دور حکومت میں کئی کتابیں اور لکھی گئیں جو شہرت نہ پا سکیں۔ مثلاً "تاریخ التنویر" محتشم مرزا، "تاریخ قلمرو کشمیر" قاضی ابراہیم، "تاریخ کبیر" ملا عبدالکبیر سرائے بیلی، "تاریخ کشمیر" محمد خلیل مرجان پوری، "مرآۃ الاولیا" ملا احمد اللہ کاشمیری، "عمدۃ التواریخ" سوہن لال وغیرہ۔

---

[1] ملاحظہ ہو میرا مقالہ، مجلہ ہنر و مردم، شمارہ ... ماہ ... ۱۳۴۹ - تہران -

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اب ہم کشمیر کی تاریخ پر فارسی میں لکھی گئی ایسی کتب کا تعارف کراتے ہیں جن کے چھاپی اور اور قلمی نسخے ایشیا اور یورپ کے کتاب خانوں میں موجود ہیں۔ ان میں بعض تو ایسی ہیں جو شائع بھی ہو چکی ہیں۔ مضمون میں ہم تاریخِ تالیف کے لحاظ سے ترتیبِ زمانی کا خیال رکھیں گے۔

## تاریخِ رشیدی : (تالیف ۹۵۱ھ)

مرزا محمد حیدر دوغلت (مقتول ۹۵۸ھ) ابن محمد حسین گورگان ابن محمد حیدر گورگان، اس کتاب کا مصنف ہے۔ وہ بابر کی خالہ نگار خانم کا بیٹا تھا۔ حیدر دوغلت کا باپ شاہی بیگ خان ۹۱۴ھ میں مارا گیا۔ بابر ۹۱۵ھ میں کابل میں تھا کہ اس نے حیدر دُوغلت کو یہاں بلا بھیجا۔ چنانچہ دوغلت نے بابر کے ساتھ جنگِ حصار (۹۱۷ھ) میں بڑی بہادری سے حصہ لیا۔ بعد میں دوغلت، سعد خان کی مہماتِ جنگی میں شامل ہوا اور ۹۳۸-۹۳۹ھ میں کشمیر پر حملہ کر کے اسے فتح کر لیا۔ اس نے چار ہزار کے لشکر سے حملہ کیا تھا اور تبت کو بھی سلطنتِ کشمیر میں شامل کر لیا تھا۔ تاریخِ حیدر دوغلت ابوالمظفر عبدالرشید خان ابن ابوالفتح سلطان سعید کے نام سے منسوب ہے اور اسی لیے اس کا نام "تاریخِ رشیدی" مشہور ہوا۔ مرزا حیدر دوغلت نے اسے ۹۵۲ھ میں کشمیر میں قلم بند کیا۔ اس وقت اس کے جلوس کا پانچواں سال تھا۔ کتاب کا کچھ حصہ ۹۵۳ھ میں بھی تحریر ہوا۔ یہ کتاب خوانینِ مغولستان کی تاریخ ہے لیکن اس میں کشمیر اور اس کی تسخیر کے واقعات بھی ملتے ہیں۔ کتاب کے دو حصے ہیں۔ دفترِ اول میں تغلک تیمور سے عبدالرشید خاں تک کے واقعات درج ہیں۔ دفترِ دوم میں مصنف کی یادداشت میں ازبک، چغتائی اور شاہزادگان کے حالات تحریر ہیں۔ "تاریخِ رشیدی" کا ماخذ زبانی روایات اور شرف الدین یزدی کا "ظفر نامہ" ہے۔ دفترِ دوم دوغلت نے ۹۴۸ھ میں لکھا تھا اور اس میں ملکی انتظام پر بھی مفید ہدایات ملتی ہیں۔ تاریخ کے علاوہ جغرافیائی حالات بھی درج ہیں۔ تیمور شاہزادے کی اس تاریخ کو مشہور خاورشناس ارسکین اور ایلفنسٹن نے بڑی اہمیت دی ہے۔ اس کا انگریزی ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔ قلمی نسخے انڈیا آفس لائبریری، برٹش میوزیم اور پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں موجود ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## راج ترنگنی : (ترجمہ : ۹۹۷ھ)

جیساکہ ہم نے پہلے اشارہ کیا ہے کشمیر کی تاریخ قدیم ادوار سے ہی مرتب کی جاتی رہی ہے۔ کشمیر کی سیاسی، تمدنی اور مذہبی تاریخ "راج ترنگنی" (بحر الملوک) جب پنڈت کلہن کشمیری نے ۱۱۴۹ء میں نظم کی تو اس کے سامنے گیارہ تاریخی ماخذ موجود تھے۔ جن کا ذکر وہ خود کرتا ہے۔ راج ترنگنی سنسکرت شعر میں ہے اور آٹھ ابواب (ترنگ) پر مشتمل ہے۔ اس میں چہار ہزار سال کی تاریخ درج ہے۔

راج ترنگنی کا فارسی ترجمہ سلطان زین العابدین بڈھ شاہ (۸۲۷ تا ۸۷۹ھ - ۱۴۲۲ تا ۱۴۷۲ء) نے ملا احمد کشمیری سے کروایا تھا مگر آج یہ ترجمہ ناپید ہے۔

پھر اکبر اعظم کے حکم سے ملا شاہ محمد شاہ آبادی کشمیری نے اس کا ترجمہ کیا۔

کشمیر ۹۹۴ھ - ۱۵۸۶ء میں فتح ہوا اور سلطنت مغلیہ کا جزو بنا اور ۱۷۵۲ء تک تقریباً ایک سو پچاس گورنر کشمیر پر حکومت کرتے رہے۔ اکبر اعظم (۹۶۳ تا ۱۰۱۴ھ) نے ۹۹۷ھ - ۱۵۸۹ء میں کشمیر کا دورہ کیا اور چار مہینے یعنی دوم جمادی الثانی سے دوم ذی قعدہ تک اس کا قیام یہیں رہا۔ اسی دوران اسے راج ترنگنی کا علم ہوا اور اس کے ترجمہ کا حکم دیا گیا۔ اس واقعہ کے بارے میں نرائن کول عاجز اپنی کتاب میں لکھتا ہے :

چوں رایات ہمایون بار اول دریں سرابستان ہمیشہ بہار برافروختہ آمد کتابی بہ ہندی زبان راجہ ترنگی (راج ترنگنی) نام بہ پیشگاہ حضور آوردند کہ احوال چہار ہزار سالہ وکسری از مسند نشینان باز گوکند[1]

کہتے ہیں چونکہ مُلا شاہ محمد کا ترجمہ مشکل اور پیچیدہ تھا۔ لہٰذا اکبر نے مُلا عبدالقادر بدایونی کو اس کی تسہیل و تہذیب پر مامور کیا تھا۔ بدیوانی لکھتا ہے :

در عرض دو ماہ انتخاب نمودہ ایں در آخر نوشت :

در عرض یک دو ماہ بتقریب بحکم شاہ ———— ایں نامہ شد چو خطِ پری پیکراں سیاہ[2]

---

[1] تاریخ عاجز قلمی، دانشگاہ طہران شمارہ ۵۳۲۸ برگ ۵۴

[2] منتخب التواریخ [illegible]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لیکن حیرت یہ ہے کہ راج ترنگنی کے موجودہ تینوں قلمی نسخوں میں یہ شعر نہیں ملتا۔[1]

## تاریخ حیدر ملک : (تالیف : ۱۰۳۰ھ)

ملک حیدر ابن ملک محمد ناجی موضع چادورہ پرگنہ ناگام کشمیر کا باشندہ تھا، اس کا لقب چغتائی اور خطاب رئیس الملک تھا۔ حیدر چادورہ کی "تاریخ کشمیر" اہم ترین کتابوں میں شمار ہوتی ہے۔ اس نے اسے ۱۰۲۷ھ میں لکھنا شروع کیا اور ۱۰۳۰ھ میں ختم کر لیا۔ یاد رہے کہ چادورہ کا والد جہانگیر کے دورِ حکومت میں اہم خدمات انجام دیتا رہا۔ چنانچہ جب جامع سری نگر جل گئی تھی تو بادشاہ مذکور نے ملک محمد ناجی کو اس کی درستی پہ مامور کیا تھا۔ جب چک خاندان کی حکومت ختم ہوگئی تو اکبر اور جہانگیر نے ملک خاندان کو بے حد نوازا۔ ملک حیدر، شیر افگن کے قتل کا عینی شاہد بھی تھا اور وہی نور جہان کو جہانگیر کے دربار میں لایا تھا۔ اس کی شجاعت و وفاداری کے صلہ میں جہانگیر نے ملک حیدر کو چغتائی کا لقب اور رئیس الملک کا خطاب عنایت فرمایا تھا۔ تاریخ کی تالیف کے بارے میں حیدر ملک لکھتا ہے:

احقر مریدان اخلاص پرست حیدر ملک چادورہ کہ بلقب چغتائی سرفراز و بخطاب رئیس الملکی از ابنائے جنس ممتاز است۔ باوجود اشتغال بخدمات شاہنشاہی خواست کہ بہ سبیل ایجاز و اختصار سطری چند دربیان احوال آبا و اجدادِ خود کہ اہلِ شوکت و حشمت بودہ اند و سائر سلاطین و امرا ملک کشمیر..... بسمت تحریر درآورد تا احوالِ ایشان از صحائف روزگار و الواح لیل و نہار محو نگردد۔[2]

حیدر ملک کی تاریخ ہندو اساطیر کے مطابق ستی سر کے واقعہ سے شروع ہوتی ہے اور

---

[1] راقم نے ترجمۂ راج ترنگنی کے تین فارسی قلمی نسخوں کی تصحیح کر کے طہران یونیورسٹی سے پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے۔ سات سو صفحے کی اس مستند اور ضخیم تاریخی کتاب کی اشاعت کا مسئلہ ابھی تک حل نہیں ہوسکا۔ راج ترنگنی کی تصحیح کا مادۂ تاریخ راقم نے یوں نکالا ہے۔

صابر تو بیفزا تز برجمع کہ تا بینی ۔ تاریخ صحیحش را از راج ترنگینی

۷۰۲ ۔ ۹۴۴ (۱۳۵۱) قمر شمسی

[2] کشمیر میں فارسی ادب کی تاریخ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۰۲۳ھ تک کے واقعاتِ تاریخی پر مشتمل ہے۔ کتاب جہانگیر کے نام معنون ہے اور آغاز اس بیت سے ہوتا ہے :

ای آنکہ جہان بوحدت تست گواہ ۔ کس را نبود در حرم کنہہ تو راہ

یہ کتاب دو قسمت پر مشتمل ہے ۔ قسمتِ اول میں راجہ ہائے کشمیر اور بادشاہانِ ولایات کا ذکر ہے ۔ قسمتِ دوم میں اُن خانوادہ ہائے ہم عصر کی تاریخ عمومی ہے جو ایران، ترکستان پر حکومت کرتے تھے ۔ اس کے چھ باب ہیں، جن کی تفصیل یہ ہے :

باب اول : تاریخِ طاہریان، سامانیان، غزنویان، غوریان، بویہ، سلجوقیان، خوارزم شاہیان، آتابکان، اسماعیلیان و سلاطین آل کرت ۔

باب دوم : شاہانِ مغول

باب سوم : وہ سلاطین جو سلطان ابوسعید کے بعد برسر اقتدار آتے ۔

باب چہارم : سلاطین قراقونیلو، اور اق قونیلو ۔

باب پنجم : ان سلاطین کا ذکر جنھوں نے ۹۰۶ھ کے بعد ترکستان و خراسان پر حکومت کی ۔

حیدر ملک کی تاریخ کے قلمی مخطوطے کیمبرج، برٹش میوزیم، بودلیان اور پیرس کے کتابخانوں میں موجود ہیں ۔

## بہارستانِ شاہی : (تالیف ۱۰۳۳ھ)

بہارستانِ شاہی کشمیر کی بڑی مفصل اور قابلِ اعتماد تاریخ ہے ۔ اس کے مولف کا نام کتاب میں کسی جگہ نہیں آیا ۔ اکثر تاریخ نویسوں کی رائے یہ ہے کہ اس کا نام سید مہدی کشمیری تھا ۔ وہ "کشمیر میں مسلم عہدِ حکومت" (انگریزی) کے مصنف پارمو کے بقول شیعہ یا نوربخشیہ فرقے سے تعلق رکھتا تھا[۱] اور غالباً ڈر کی وجہ سے اپنا نام دانستہ درج نہیں کیا۔ سید مہدی نے یہ تاریخ ۹۹۴ھ میں لکھنا شروع کیا اور اسے ۱۰۳۳ھ تک مکمل کر لیا ۔ اکثر

---

۱۔ کتاب مذکور ص۱۰

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


دوسری تاریخی کتب کی طرح "بہارستانِ شاہی" کا ماخذ بھی راج ترنگنی ہے۔ البتہ ۷۴۹ھ سے بعد کے واقعات اس نے دوسرے ماخذوں سے حاصل کیے ہیں۔ مصنف حیدر ملک چادورہ کا ہم عصر تھا۔ کتاب کے آخر میں ایک قطعہ درج ہے۔ خیال ہے کہ یہ قطعہ خود مصنف کا کہا ہوا ہے۔ اس قطعہ کے شعر یہ ہیں:

بہارستانِ شاہی کردہ شد نام — بود در باغِ عالم تازہ چون نام
چو تاریخِ تمام این خوب ارقام — کہ بادا تا قیامت نیک فرجام
بپرسیدم زعقلِ راست تدبیر — بگفتا، نامۂ شاہانِ کشمیر
۱۰۲۳ھ

یہ تاریخ سلطان شہاب الدین کے بعد سے شروع ہو کر یعقوب شاہ کی وفات پر ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے قلمی نسخے انڈیا آفس لائبریری اور برٹش میوزیم میں موجود ہیں۔

**تاریخِ ہادی: (تالیف ۱۱۰۸ھ)**

اس کا مصنف احمد بن صبور کشمیری ہے۔ وہ خواجہ محمد ہاشم کشمیری کا مرید تھا اور اولیائے کشمیر کی تاریخ اس نے "خوارق السالکین" کے نام سے ۱۱۰۸ھ میں تحریر کی اور بعد میں اسی کا نام تاریخِ ہادی پڑ گیا[۱] ملا احمد اپنے وقت کا نامور عالم و صوفی تھا۔ اس نے سید شرف الدین بلبل شاہ سے طوفان شاہ تک کے حالات قلم بند کیے ہیں۔ مادۂ تاریخِ تالیف "شاہ مجذوبان" نکلتا ہے۔ مؤلف نے مادۂ تاریخ اس طرح نکالا ہے اور یہی طوفان شاہ کا سالِ وفات بھی ہے:

رفت طوفان شاہ از دنیائے فانی چون بردن
زد قلم سال وصالش، شاہ مجذوبان رقم
۱۱۰۸ھ

اصولاً تو تاریخ ہادی تاریخ کم اور تذکرہ زیادہ ہے لیکن ہم نے اسے بھی تاریخی کتابوں میں شمار کیا ہے۔

**تاریخِ کشمیر: (تالیف ۱۱۲۲ھ)**

نرائن کول عاجز کشمیری کی اس شہرۂ آفاق تاریخ کا دوسرا نام "منتخب التواریخ"

© rasailojaraid.com

[۱] اسٹوری، جلد اول، ص ۱۰۱۳

© rasailojaraid.com



بھی ہے ، یہ کتاب عالم گیر کے آخری عہد میں اور کشمیر یوں کے دیوان عارف خان کی سفارش پر لکھی گئی ۔ عاجز نے راج ترنگنی کی تقلید کی ہے اور تاریخی حقائق کو بہت ناقص انداز میں درج کیا ہے بلکہ بعض جگہ انھیں نظر انداز کر دیا ہے[1] عاجز سببِ تالیف اس طرح بیان کرتا ہے :

دریں ایام سعادت انجام کہ چہارم سالِ فرخندہ فالِ اعلیٰ حضرت ظل اللٰہی مطابق ۱۱۲۲ھ ہزار و یکصد و بست و دو ہجریست ، خان ذی شان عارف خان نائب و دیوان صوبہ کتب تواریخ کشمیر مولفہ بزبانِ سنسکرت کہ مورخان . . . آغاز عمارات و زراعت و مدت حکومت سلاطین کشمیر بر آن جمع کردہ و یشنیدن واقعات حالات رغبت نمودہ بہ کتاب تواریخ قدیم موئفہ بزبانِ سنسکرت پرداخت . . . . . در جستجوئے ترجمہ ملک حیدر کہ بنا بر مبالغہ و طول کلام پسند طبائع خاص و عام نبود ، افتاد . . . . . در رعایت اختصار و ایجاز و بقلم عجز رقم آوردہ تا طبع مطالعہ کنندگان را ملال نیارد[2]

اس تاریخ کی عبارت مشکل بلکہ مرصع اور مصنوع ہے ۔ البتہ اکثر واقعات مستند و درست درج کیے گئے ہیں ۔ اس کے قلمی نسخے یورپ اور ایشیا کے درجنوں کتاب خانوں میں محفوظ ہیں ۔

**تاریخِ کشمیر :** (تالیف : ۱۱۲۹ھ)

موئف حسن ابن علی کشمیری ہے اور یہ کتاب جلال الدین ملک ناجی ابن ملک نصرت کی سفارش پر مرتب کی گئی[3] اس کی اساس بھی کلہن کی راج ترنگنی ہے ۔ یہ تاریخ وادیٔ کشمیر کے خشک ہونے کی داستان سے شروع ہو کر ۱۱۲۹ھ کے واقعات پر ختم ہو جاتی ہے ۔ مخطوطے بودلیان ، برٹش میوزیم میں پائے جاتے ہیں[4]

**نوادر الاخبار :** (تالیف : ۱۱۳۶ھ)

موئف رفیع الدین احمد متخلص بہ غافل ہے ۔ ولسن نے موئف کا نام رفیع الدین محمد

---

[1] ہندو ہسٹری آف کشمیر ۔ ولسن ، ص ۵ ۔

[2] قلمی دانشگاہ طہران ۔ شمارہ ۵۳۲۸ [3] ایتھ قسمت اول ، ص ۱۶۹ ۔

[4] ملاحظہ ہو فہرست [illegible] قسمت اول ، ص ۱۷۰ ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لکھا ہے[1] پورا شجرۂ نسب یوں ہے : غافل ابن عبدالصبور ابن خواجہ محمد بلخی کشمیری۔ یہ کتاب ۱۱۳۶ھ میں مرتب ہوئی اور تمام سلاطینِ کشمیر کی مکمل تاریخ ہے۔ اس کا عیب یہ ہے کہ ہندو راجاؤں کے احوال بہت کم اور مختصر بیان ہوئے ہیں اور مؤلف نے تاریخی واقعات لکھتے وقت غلطیوں پر توجہ نہیں دی[2]۔ یہاں تک کہ اس نے بعض ہندو خاندانوں کو یکسر نظر انداز کر دیا ہے۔ چونکہ غافل پنڈت کلہن کو کافر سمجھتا تھا اس لیے راج ترنگنی سے خاطر خواہ استفادہ حاصل نہ کر سکا۔ وہ مقدمہ میں لکھتا ہے :

"کلہن بت پرست و مخالفِ اسلام بود۔ او (غافل) خیالاتِ منکراں را ملحوظ نکردہ یا بدتاریخ شاہان کشمیر بنولیسد"

مگر غافل اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکا۔ کتاب میں سبھی مباحث تاریخی مثلاً اصل کشمیر، داستان سلیمان، اولین ہندو راجگان، مسلم سلاطین، شاہ میری، فتح اکبر اور زیبائی کشمیر ملتے ہیں۔ اس کا ایک نسخہ برٹش میوزیم میں موجود ہے[3]۔

## تاریخ اعظمی : (تالیف : ۱۱۶۰ھ)

خواجہ محمد اعظم متخلص بہ مستغنی خواجہ خیر الدین ملقب بہ خیر الزمان کشمیری کا بیٹا اور سری نگر کے محلہ دیدہ مر کا باشندہ تھا۔ وہ ۱۱۰۳ھ میں پیدا ہوا۔ ابتدائی تعلیم اخوند عبید اللہ شہید اور ملا عبدالرزاق گوجواری کے مدارس میں پائی۔ سخن گوئی میں وہ مشہور شاعر عبدالحکیم ساطع اور محمد رضا مشتاق کا شاگرد تھا۔ تصوّف میں خواجہ اعظم سلسلۂ مجددی نقشبندی سے منسلک تھا۔ وہ مراد نقشبندی (متوفی ۱۱۳۴ھ) کا مرید اور میرزا اکمل کا خلیفہ تھا۔ تذکرۂ علمائے ہند کے مطابق خواجہ اعظم علمائے نامدار اور مشائخ کبار میں سے تھا۔ وہ شیخ یعقوب صرفی اور بابا عثمان کے خاندان گنائی کا چشم و چراغ تھا۔ خواجہ اعظم کے بھائی کا نام خواجہ نعمت اللہ تھا جو ۱۱۸۰ھ

---

[1] ہندو ہسٹری آف کشمیر ص ۴ -

[2] کشمیر میں فارسی ادب کی تاریخ : ص ۱۸۹ -

[3] فہرست ج ۱ ص ۲۹۹ اشارہ ۱۹ ۱۲۰

© rasailojaraid.com

میں فوت ہوا۔ کشمیر کے اس مایۂ ناز مؤرخ نے ۱۱۷۹ھ میں وفات پائی اور احاطۂ گورستان شیخ بہاء الدین میں دفن کیا گیا۔[1] وفات کا واقعہ یوں لکھا ہے کہ خواجہ بیمار تھا۔ لوگوں نے طبیب سے استفسار کیا کہ اسے کیا بیماری ہے۔ طبیب نے جواب دیا۔ ضعف گردہ۔ اعظم نے اسی وقت تاریخِ وفات کہہ ڈالی:

اگر پرسند اعظم ازچہ مُردہ   بگو سالِ وفاتش ضعف گردہ[2]
۱۱۷۹ھ

خواجہ اعظم نے تاریخ کے علاوہ متعدد تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے:
تجربۃ الطالبین (۱۱۳۳ھ)، رسالہ فوائد الرضا (۱۱۳۵ھ)، قواعد المشائخ (۱۱۳۶ھ)، اشجار الخلد (۱۱۴۰ھ)، ثمرات الاشجار (۱۱۴۰ھ)، وسائل الاعظم (۱۱۴۹ھ)، فیضِ مراد (۱۱۳۵ھ)۔ لیکن اعظم کی شہرتِ عام کا باعث اس کی تاریخِ کشمیر ہے جسے اہلِ علم "تاریخِ اعظمی" یا "واقعاتِ کشمیر" کے نام سے جانتے ہیں۔ اعظم نے اسے ۱۱۴۸ھ میں لکھنا شروع کیا، اور ۱۱۶۰ھ میں مکمل کر لیا۔ وہ مقدمہ میں لکھتا ہے:

این مجموعہ ایست در بیان احوال عجوبہ صنایع خالقِ قدیر زیبا ترینِ نقوش نگارستان تقدیر یعنی بلدۂ کشمیر جنت نظیر کہ باتفاق عامہ ارباب سیاحت و کافہ اصحاب درایت در نزہت و صفا و امنیت و بطافت ہما از اکثر بلادِ عالم ممتاز بلکہ بے انباز است[3]

ترتیب میں راج ترنگنی کی تقلید کی گئی ہے مگر یہ تنہا سیاسی تاریخ نہیں ہے بلکہ اس میں مناظرِ فطرت، مذہب، ادب، جغرافیہ، سبھی چیزیں ذکر ہوئی ہیں "واقعاتِ کشمیر" مغل بادشاہ محمد شاہ (۱۱۳۱-۱۱۶۱ھ) سے منسوب کی گئی ہے۔

یہاں اس غلط فہمی کا ازالہ ضروری ہے کہ ڈاکٹر محمد باقر نے "واقعاتِ کشمیر" اور "تاریخِ اعظمی" کو دو جداگانہ کتابیں سمجھا۔ چنانچہ پہلی کو محمد اعظم اور دوسری کو خواجہ محمد اعظم شاہ کی تصنیف

---

[1] تاریخ بڈھ شاہ، فوق مرحوم۔

[2] ضمیمہ تاریخ اعظمی، ص ۲۹۱-۲۹۴

[3] کشمیر میں فارسی ادب کی تاریخ، ص [illegible]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قرار دیا[1] جو درست نہیں ہے۔

یہ کتاب ایک مقدمہ تین قسمت اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔

مقدمہ: احوال و صفات کشمیر کے بیان میں۔

قسمت اول: ان راجاؤں کا ذکر جنھوں نے کشمیر میں ورودِ اسلام سے قبل حکومت کی۔

قسمت دوم: ایسے سلاطین کا بیان جو اسلام آنے کے بعد برسراقتدار آئے اور جو کشمیری الاصل تھے۔

قسمت سوم: سلاطینِ جغتائیہ کا بیان جو کتاب کے سالِ تصنیف تک حکمران رہے۔

خاتمہ: بعض عجائب و غرائب کا بیان جو کشمیر سے مخصوص ہیں۔

"واقعاتِ کشمیر" کے بعض اہم ماخذوں کی فہرست درجِ ذیل ہے: راج ترنگنی، تاریخِ سید علی، تاریخِ رشیدی، تاریخِ حیدر ملک چادورہ، ریشی نامہ (بابا نصیب الدین) اسرار الابرار (بداؤد مشکواتی) آثرِ عالمگیری وغیرہ۔

یہ تاریخ کئی بار شائع ہو چکی ہے۔ اس کا ترجمہ منشی اشرف علی دہلوی نے ۱۸۴۶ء میں دہلی سے شائع کیا تھا۔ مخطوطات، پنجاب یونیورسٹی لاہور، برٹش میوزیم کلکتہ، بودلیان، بانکی پور وغیرہ میں موجود ہیں۔

## بیانِ واقع، (تالیف: ۱۱۶۶ھ)

ملا عبدالکریم ابن خواجہ عاقبت محمود ابن خواجہ محمد بلخی ابن محمد رضا[2] کشمیر میں پیدا ہوا اور یہیں ابتدائی علوم سیکھے۔ اس کا نام عبدالرحیم بھی آیا ہے[3] جو زیادہ درست معلوم نہیں ہوتا۔ خواجہ کو بچپن ہی سے دیارِ محبوب کی زیارت کا شوق تھا اور یہی شوق اسے سری نگر سے کشاں کشاں دہلی لایا۔ جب نادر شاہ افشار نے دہلی پر حملہ کیا تو خواجہ عبدالکریم اسی شہر میں مقیم تھا۔ ان دنوں

---

[1] ملاحظہ ہو کلیاتِ جویا تبریزی چاپ لاہور

[2] کشمیر ۲۵، ص ۳۸۰۔

[3] فہرست برٹش میوزیم ج ۱، ص ۱۸۳

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عرب جانے والے اہم راستے نادر شاہ کے قبضے میں تھے۔ لہٰذا ملا عبدالکریم کی ذہانت و فطانت سے بے حد متاثر ہوا اور اسے ۱۱۵۱ھ میں ملازمانِ دربار میں شامل کر لیا۔ بعد میں غیر معمولی ذہانت و قابلیت کی وجہ سے اسے وزیر خارجہ بنا دیا گیا[1] اسے ایک بار نادر شاہ نے لاکلاوا (روس) اور ترکی میں قائدِ وفد بنا کر بھیجا تھا۔ جب وہ ان ممالک سے کامیاب ہو کر لوٹا تو اسے حج کی اجازت ملی۔ چنانچہ وہ میرزا محمد قاسم جو نواب معتمد الملک سید علوی خان حکیم باشی کے نام سے مشہور ہے، کے ساتھ حج کے لیے نکل کھڑا ہوا۔ حج کرنے کے بعد مُلا عبدالکریم ہگلی گیا اور مدت تک ہندوستانیوں اور یورپینوں کے سیاسی و اجتماعی افکار کا مطالعہ کرتا رہا۔ بالآخر ملا عبدالکریم کشمیر آ گیا اور بقیہ زندگی یہیں بسر کی۔ یہاں پہنچنے پر اس کے دوستوں نے اصرار کیا کہ وہ اپنی یادداشتوں کو ضبطِ تحریر میں لائے۔ چنانچہ نادر شاہ کے اس عظیم وزیر خارجہ نے یادداشتوں کو مرتب کیا اور یہ کتاب "تزک ملا عبدالکریم" کے نام سے مشہور ہوئی۔ اسی کا دوسرا نام "بیانِ واقع" بھی ہے۔ گلیڈون نے اس کا انگریزی ترجمہ ۱۷۹۳ء میں شائع کیا تھا۔ اور پھر اسی انگریزی کا فرانسیسی ترجمہ لانگ لی نے ۱۷۹۷ء میں پیرس سے شائع کیا تھا۔ "بیان واقع" کا نام "نادر نامہ" اور "تاریخِ نادری" بھی آیا ہے[2]۔ "بیانِ واقع" کا طرزِ تحریر بہت عمدہ اور موثر ہے اور یہ نہایت اہم سیاسی معلومات کا مرقع ہے، دربارِ ایران اور ان واقعات کی تفصیل ملتی ہے جو ۱۷۳۹ - ۱۷۴۹ء کے مابین پیش آئے۔ یہ کتاب پانچ ابواب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے:

باب اول: نادر شاہ کا عروج اور ہند پر اس کا حملہ۔

باب دوم: قزوین کی طرف اس کی مراجعت اور توران، خراسان و مازندران سے عبور۔

باب سوم: مصنف کی عراق، شام اور عرب کی طرف مسافرت اور اس کی واپسی ازراہِ آبی بطرف ہگلی۔

---

[1] کشمیر ج ۲، ص ۳۸۰۔

[2] فہرست برٹش میوزیم ج ۱، ص ۳۸۲۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



باب چہارم : تاریخِ ہند از آمدن مصنف بہ بنگال تا وفات محمد شاہ (۱۷۴۸ء)

باب پنجم : واقعاتِ عہدِ احمد شاہ[1] (۵۴-۱۷۴۸ء)

ملا عبدالکریم کی دوسری "تالیف" "عبرتِ مقال" ہے جو شاہ عالم کی تاریخ عمومی سمجھی جاتی ہے۔ اس میں پنجاب کے تاریخی و سیاسی حالات بھی ملتے ہیں۔ یہ کتاب ۱۸۱۶ء میں تالیف ہوئی۔ اور اسی سال ملا عبدالکریم نے وفات پائی۔

"بیانِ واقع" کے قلمی نسخے لندن اور لاہور میں ہیں، اس کا متن ریسرچ سوسائٹی آف پاکستان (لاہور) کے اہتمام سے ۱۹۷۰ء میں چھپ چکا ہے۔

**شاہنامۂ کشمیر : (نظم : ۱۷۶۴ء)**

راجہ سکھ جیون مل، بھیرہ (پنجاب) کا رہنے والا تھا۔ اس نے پہلے پہل احمد شاہ ابدالی کے وزیر اعظم شاہ ولی خان کے ہاں سیاسی خدمات کا آغاز کیا مگر بعد میں اسے کشمیر کا گورنر مقرر کیا گیا، اور آٹھ سال چار ماہ آٹھ دن (۶۲-۱۷۵۳ء) تک یہ خدمت بجا لاتا رہا۔ سکھ جیون جامعِ کمالات شخصیت کا مالک تھا۔ وہ ماہرِ لسانیات بھی تھا اور عالم بھی، سیاست دان بھی تھا اور شاعر بھی[2]۔ اس نے ہشت سالہ دورِ استانداری (۷۶-۱۱۶۷ھ، ۶۲-۱۷۵۳ء) میں کشمیر کی سیاسی تاریخ نظم کرانے کے لیے اپنے عہد کے سات ممتاز کشمیری شعرا کا بورڈ بنا کر ہر شاعر کو تاریخ کے مختلف حصے نظم کرنے کی غرض سے دے دیے تھے اور فی شعر ایک روپیہ مقرر کیا تھا۔ بدقسمتی یہ ہوئی کہ سکھ جیون نے نور الدین بامزائی (عہد ۶۲-۱۷۶۲ء) سے شکست کھائی اور بعد میں اسے ہاتھی کے پاؤں تلے روند ڈالا گیا اور اس طرح ایک عظیم علمی و تاریخی کارنامہ نامکمل رہ گیا۔

مذکورہ بالا سات شاعروں کی تفصیل اس طرح ہے :

محمد علی متین ابن عصام الدین کشمیر کے مشہور شاعر عبدالغنی قبول کا شاگرد تھا۔ اس نے

---

[1] بوہ بیان قسمت اول، ص ۲۶۰

[2] ملاحظہ ہو : کشمیر مسلم سلاطین کے عہد میں (انگریزی) ص ۵۸-۳

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۱۷۹ھ میں وفات پائی۔

عبدالوہاب متخلص بہ شائق کھوئی لامہ کشمیر کا باشندہ تھا۔ اس نے "ریاض الاسلام" کے نام سے سادات بزرگان ریشی، اور حضرت حمزہ مخدوم کے حالاتِ زندگی ساٹھ ہزار شعروں میں نظم کیے تھے۔ شاہنامہ کشمیر کا یہ حصّہ کشمیر میں ملتا ہے۔

محمد جان بیگ متخلص بہ سامی سعید بیگ کا بیٹا اور عبدالرشید بینوا کا شاگرد تھا۔ اس نے ۱۱۹۵ھ میں دہلی میں وفات پائی۔

ملا توفیق (متوفی ۱۱۹۷ھ) ملا ساطع اور مشتاق کا شاگرد تھا۔ وہ بعد میں ملک الشعرا بنا۔ اس نے کشمیر کی سیاسی تاریخ دو ہزار شعروں میں نظم کی تھی۔ اس کا کلام سری نگر کی ریسرچ لائبریری میں محفوظ ہے۔

بورڈ کا ایک اور رکن رحمت اللہ نوبد تھا۔ وہ دو دوسرے شاعروں یعنی ساجح اور حسن کے حالات نہیں مل سکے۔

## باغِ سلیمان : (نظم ۱۱۹۴ھ)

میر سعد اللہ شاہ آبادی (متوفی ۱۱۹۴ھ) آرام گاہ میں متولد ہوئے تھے۔ ان کے والد کابل سے ترکِ وطن کر کے اس گاؤں میں آن بسے تھے۔

میر صاحب بڑے عالم اور صاحبِ ذوق شاعر و بزرگ تھے اور سعادت تخلص رکھتے تھے۔ ویسے تو وہ کئی کتابوں کے مصنف بتائے جاتے ہیں لیکن "باغِ سلیمان" ان کی مشہور منظوم سیاسی تاریخ ہے۔ اس میں قصص و حکایات بھی نظم ہوئی ہیں۔ یہ تاریخ ۱۱۹۴ھ میں مکمل ہوئی۔ بیشتر واقعات "تاریخ اعظمی" سے ماخوذ ہیں۔ میر صاحب نے موضع منڈاہ، پرگنہ شاہ آباد کشمیر میں وفات پائی۔ "باغِ سلیمان" کے دو قلمی نسخے ریسرچ لائبریری سری نگر میں ہیں۔

## گوہر نامہ عالم : (تالیف ۱۱۸۸ھ)

بدیع الدین ابوالقاسم محمد اسلم منعمی خواجہ محمد اعظم دیدہ مری مؤلف واقعاتِ کشمیر کا فرزند تھا۔ منعمی عہد اورنگ زیب (۱۰۶۸ تا ۱۱۱۹ھ) کا مورخ تھا۔ اس نے گوہر نامۂ عالم شاہ عالم دوم (۱۱۷۳-۱۲۲۱ھ) کے زمانے میں لکھی اور اسی بادشاہ کے نام معنون کی۔ کتاب مذکور کشمیر کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مفصل ترین فارسی تاریخوں میں شمار ہوتی ہے ۔ یہ تاریخ ایک مقدمہ چھ طبقات اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے ۔ ترتیب حسب ذیل :

طبقہ اول : کشمیر قبل از عہد تاریخ ۔

طبقہ دوم : دورۂ اول کے اساطیری خاندان ۔

طبقہ سوم : خاندانِ شاہمیری ۔

طبقہ چہارم : خاندان چک ۔

طبقہ پنجم : عہدِ تیموری ۔

طبقہ ششم : عہدِ افغانان ۔

خاتمہ : عجائباتِ کشمیر (۱)

گوہر نامۂ عالم کی تصنیف کے وقت منشی کے پیشِ نظر ایک نیم تاریخی کتاب نور نامہ رہی ہے جو شیخ نورالدین ولی کے احوال کا مجموعہ ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ اسے احمد علّامہ نے زین العابدین بڈھ شاہ کے عہد میں کشمیری سے فارسی میں ترجمہ کیا تھا ۔ کتاب کے دیگر مآخذ کی فہرست یہ ہے :

راج ترنگنی، تاریخ رشیدی، منتخب التواریخ (حسن بیگ) تاریخ حیدر ملک، درجات السادات (خواجہ اسحٰق) تحفۃ الفقرا، رسالہ شیخ محمد مراد نقشبندی، مآثر عالمگیری (مستعد خان) اقبال نامۂ جہانگیری (معتمد خان) نوادر الاخبار، مجالس المومنین، دستور العمل سلاطین (سید مبارک خان) روضۃ صفا (مجلد ثامن) وغیرہ ۔

گوہر نامۂ عالم ۱۱۹۰ ۔ ۱۲۰۰ھ کے درمیان مرتب کی گئی تھی ۔ اس کتاب کی سب سے زیادہ اہمیت یہ ہے کہ اس میں اس وقت کے مدارس و معابد کی بڑی تفصیل ملتی ہے ۔ مقدمہ میں کشمیر کا مکمل جغرافیہ دیا گیا ہے ۔

اس کے قلمی نسخے انڈیا آفس لائبریری برٹش میوزیم، کلکتہ اور بو دلیان میں موجود ہیں ۔

---

۱ے فہرست ایتھے ص ۸۹

© rasailojaraid.com